گول حوض دہ دردہ کب کہلائے گا؟

مجیب: مولانا فرحان احمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1942

تاریخ اجراء: 16 جمادی الاولیٰ 1446ھ / 19 نومبر 2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

گول حوض ہو، تو اس کی پیمائش کس طرح کی جائے اور کتنی لمبائی چوڑائی ہو گی، تو وہ دَہ دَر دَہ کے حکم میں آئے گا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

گول حوض کی پیمائش کرتے ہوئے لمبائی چوڑائی شمار نہیں کی جائے گی بلکہ حوض کی گولائی یا قطر سے اس کی پیمائش ہو گی۔ امام اہل سنت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق کے مطابق اس کا دَور یعنی گولائی 35.449 گز یعنی 53.1735 فٹ ہو گی۔

امام اہلسنت شاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ سے سوال ہوا کہ فقہاء حوض کی چار اقسام لکھتے ہیں: (۱) مدوّر (۲) مربع (۳) مثلث (۴) طول بلا عرض۔ آیا یہ چاروں قسمیں بلا اختلاف درست اور جائز ہیں یا ان میں سے کسی قسم میں اختلاف ہے اور جو قسم ان اقسام میں سے افضلیت رکھتی ہو استثناء کی جائے جواب سے بہت جلد تشفی فرمائیں۔

اس سوال کے جواب میں امام اہلسنت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”مدوّر مثلث مربع تو صرف اختلاف ہیات ہے اقسام جداگانہ نہیں جن کے احکام مختلف ہوں طول بلا عرض میں البتہ اختلاف ہے بعض کے نزدیک وہ مطلقاً آبِ کثیر نہیں اگرچہ سمرقند سے بخارا تک ہو اور صحیح و رجیح تر یہ ہے کہ سو ۱۰۰ ہاتھ مساحت درکار ہے جس طرح بھی حاصل ہو کما حققناہ فی فتاوٰنا بما لا مزید علیہ (اس کی تحقیق ہم نے اپنے فتاوی میں کی ہے جس پر زیادہ کی ضرورت نہیں۔ت) اسی اختلاف کی بنا پر مدوّر و مثلّث کی مساحتوں میں بھی اختلاف پڑے گا جن کے نزدیک دس ۱۰ ہاتھ طول دس ۱۰ ہاتھ عرض دونوں کا ہونا ضرور ہے مدوّر کا رقبہ ۱۸۳ ہاتھ سے بھی زیادہ ہونا چاہے اور مثلث کی ہر ضلع ساڑھے اکیس ہاتھ ۸/۳ گرہ اور قول مختار پر مدوّر کا قطر پانچ گز دس ۱۰ گرہ ایک اُنگل یا گیارہ ہاتھ دو گرہ ایک انگل کہیے اور مثلث کی ہر ضلع پندرہ ہاتھ اور ۵/ ۱ ہاتھ کمابیّنا فی رسالتنا الھنیئ المنیر فی الماء المستدیر وھو من

رسائل فتاوٰنا(جیسا کہ ہم نے اپنے رسالے "الھنیہ المنیر فی الماء المستدیر" میں جو کہ ہمارے فتاوٰی کے رسائل میں سے ہے، میں ذکر کیا ہے۔ت) افضل بے شک یہی ہے کہ مربع مثلث مدوّر کیسا بھی ہو اُس کے اندر ایک مربع واقع ہوسکے جس کی ہر ضلع پانچ ہاتھ یا پندرہ فٹ ہو لان الخروج عن الخلاف احوط واحسن بالاتفاق واللّٰہ تعالٰی اعلم" (فتاوی رضویہ، جلد3، صفحہ250، رضافاؤنڈیشن لاہور)

گول حوض کا دور بیان کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں: "اقول تحقیق یہ ہے کہ اس کا دور تقریباً ساڑھے پینتیس ہاتھ چاہیے یعنی 35ء449 تو قطر تقریباً ساڑھے پانچ گز 10 گرہ ایک انگل یعنی 11ء284 ہاتھ۔" (فتاوی رضویہ، جلد2، صفحہ 287، رضافاؤنڈیشن لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net